
صرف بہائی
علامہ بہاؤالدین عاملی
صرف بنائی
مکتبۃ المدینہ

جامعۃ المدینہ کے درسِ نظامی کے نصاب میں داخل صرف کی پہلی کتاب

صرف بہائی (مترجم)

از: العلامة بهاؤ الدين العاملي رحمہ اللہ تعالی

مع حاشیہ:

صرف بنائی

ابن داود الحنفي العطاري المدني

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلی آلک واصحابک یا حبیب اللہ

نام کتاب : صرف بہائی (مترجم) مع حاشیہ صرف بنائی

پیش کش : مجلس المدینۃ العلمیۃ (شعبہ درسی کتب)

سن طباعت : رمضان المبارک ۱۴۲۸ھ بمطابق ستمبر 2007ء

ناشر : مکتبۃ المدینہ فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی

مکتبۃ المدینہ کی مختلف شاخیں

مکتبۃ المدینہ شہید مسجد کھارادر باب المدینہ کراچی

مکتبۃ المدینہ دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ مرکز الاولیاء لاہور

مکتبۃ المدینہ اصغر مال روڈ نزد عیدگاہ، راولپنڈی

مکتبۃ المدینہ امین پور بازار، سردار آباد (فیصل آباد)

مکتبۃ المدینہ نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ مدینۃ الاولیاء ملتان

مکتبۃ المدینہ چھوٹکی گھٹی، حیدر آباد

مکتبۃ المدینہ چوک شہیداں میر پور آزاد کشمیر

e-mail: ilmia26@yahoo.com

e-mail: maktaba@dawateislami.net

http://

Ph:4921389-90-91 Ext:1268

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" کے ۱۹ حُروف کی نسبت سے اس کتاب کو پڑھنے کی ۱۹ "نیّتیں"

فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم: **نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِه**. یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔(المعجم الكبير للطَبَراني، الحديث: ٥٩٤٢، ج٦، ص١٨٥)

دومَدَنی پھول: [۱] بغیر اچّھی نیّت کے کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔
[۲] جتنی اچّھی نیّتیں زِیادہ، اُتنا ثواب بھی زِیادہ۔

(۱) ہر بار حمد و (۲) صلٰوۃ اور (۳) تعوُّذ و (۴) تَسمِیہ سے آغاز کروں گا۔(اسی صفحہ پر اُوپر دی ہوئی دوعَرَبی عبارات پڑھ لینے سے چاروں نیّتوں پر عمل ہوجائے گا)۔ (۵) رِضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لیےاس کتاب کا اوّل تا آخِر مطالَعہ کروں گا۔ (۶) حَتَّی الْوَسْعْ اِس کا باوُضُو اور (۷) قِبلہ رُومُطالَعہ کروں گا (۸) کتاب کو پڑھ کر کلام اللہ وکلام رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو صحیح معنوں میں سمجھ کراوامر کا امتثال اورنواہی سے اجتناب کروں گا (۹) درجہ میں اس کتاب پر استاد کی بیان کردہ توضیح توجہ سے سنوں گا (۱۰) استاد کی توضیح کولکھ کر "اِسْتَعِنْ بِيَمِيْنِكَ عَلٰى حِفْظِكَ" پر عمل کروں گا (۱۱) طلبہ کے ساتھ مل کر اس کتاب کے اسباق کی تکرار کروں گا (۱۲) اگر کسی طالب علم نے کوئی نا مناسب سوال کیا تو اس پر ہنس کر اس کی دل آزاری کا سبب نہیں

بنوں گا ﴿۱۳﴾ درجہ میں کتاب، استاد اور درس کی تعظیم کی خاطر غسل کرکے، صاف مدنی لباس میں، خوشبو لگا کر حاضری دوں گا ﴿۱۴﴾ اگر کسی طالب علم کو عبارت یا مسئلہ سمجھنے میں دشواری ہوئی تو حتی الامکان سمجھانے کی کوشش کروں گا ﴿۱۵﴾ سبق سمجھ میں آجانے کی صورت میں حمد الٰہی عزوجل بجالاؤں گا ﴿۱۶﴾ اور سمجھ میں نہ آنے کی صورت میں دعاء کروں گا اور بار بار سمجھنے کی کوشش کروں گا ﴿۱۷﴾ سبق سمجھ میں نہ آنے کی صورت میں استاد پر بدگمانی کے بجائے اسے اپنا قصور تصور کروں گا ﴿۱۸﴾ کتابت وغیرہ میں شَرعی غلطی ملی تو ناشرین کو تحریری طور پر مُطَّلع کروں گا (مصنّف یا ناشِرین وغیرہ کو کتابوں کی اَغلاط صِرف زبانی بتانا خاص مفید نہیں ہوتا) ﴿۱۹﴾ کتاب کی تعظیم کرتے ہوئے اس پر کوئی چیز قلم وغیرہ نہیں رکھوں گا۔ اس پر ٹیک نہیں لگاؤں گا۔

فہرس

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

المدينة العلمية

از: بانیِ دعوتِ اسلامی، عاشقِ اعلیٰ حضرت، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت،

حضرت علّامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ

الحمد للّٰہ علی اِحْسَانِهٖ وَ بِفَضْلِ رَسُوْلِهٖ صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلّم

تبلیغِ قرآن و سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **"دعوتِ اسلامی"** نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اِشاعتِ علمِ شریعت کو دنیا بھر میں عام کرنے کا عزمِ مُصمّم رکھتی ہے، اِن تمام اُمور کو بحسنِ خوبی سرانجام دینے کے لئے متعدّد مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں سے ایک مجلس **"المدينة العلمية"** بھی ہے جو دعوتِ اسلامی کے عُلماء و مُفتیانِ کرام کَثَّرَھُمُ اللّٰہُ تعالی پر مشتمل ہے، جس نے خالص علمی، تحقیقی اور اشاعتی کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔

اس کے مندرجہ ذیل چھ شعبے ہیں:

(۱) شعبۂ کُتُبِ اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
(۲) شعبۂ درسی کُتُب
(۳) شعبۂ اِصلاحی کُتُب
(۴) شعبۂ تفتیشِ کُتُب
(۵) شعبۂ تراجمِ کُتُب
(۶) شعبۂ تخریج

"المدينة العلمية" کی اوّلین ترجیح سرکارِ اعلیٰحضرت اِمامِ

اَہلسنّت، عظیم البرَکت، عظیم المرتبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجدِّدِ دین و مِلّت، حامئ سنّت، ماحئ بِدعت، عالِمِ شرِیعت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیر و برَکت، حضرتِ علاّمہ مولٰینا الحاج الحافِظ القاری الشّاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن کی گِراں مایہ تصانیف کو عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق حتَّی الْوُسع سَہل اُسلُوب میں پیش کرنا ہے۔ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اِس عِلمی، تحقیقی اور اشاعتی مدنی کام میں ہر ممکن تعاون فرمائیں اور مجلس کی طرف سے شائع ہونے والی کُتُب کا خود بھی مطالَعہ فرمائیں اور دوسروں کو بھی اِس کی ترغیب دلائیں۔

اللہ عزوجل ''دعوتِ اسلامی'' کی تمام مجالس بَشُمُول ''**المدينة العلمية**'' کو دن گیارہویں اور رات بارہویں ترقّی عطا فرمائے اور ہمارے ہر عملِ خیر کو زیورِ اخلاص سے آراستہ فرما کر دونوں جہاں کی بھلائی کا سبب بنائے۔ ہمیں زیرِ گنبدِ خضراء شہادت، جنّت البقیع میں مدفن اور جنّت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلّم



رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

پیش لفظ

علم صرف کی بنیادی اصطلاحات اور ان کی تعریفات اورابتدائی گردانوں پر مشتمل مختصر رسالہ ''**صرف بہائی**'' ایک عرصہ سے ہمارے بلاد پاک وہند کے بہت سے مدارس دینیہ میں داخل نصاب اوراپنی افادیت میں بے مثال ولاجواب ہے۔

اصل کتاب فارسی زبان میں ہے۔مدارس دینیہ کے طلباء کی سہولت کے لیے تبلیغ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''**دعوتِ اسلامی**'' کی مجلس''**المدینة العلمیة** '' کے''**شعبۂ درسی کتب**'' کی جانب سے اس کا اردو ترجمہ بنام''**صرف ضیائی**'' پیش کیا جارہا ہے۔ نیز اس کے ساتھ اردو حاشیہ بنام''**صرف بنائی**'' کا اہتمام بھی کیا گیا ہے جو صرف بہائی کی شرح''**فضل خدائی**'' کی تلخیص ہے۔

ارباب نظر کی بارگاہ میں عرض ہے کہ اگر ترجمہ یا حاشیہ میں خطاء پائیں تو ضرور ہمیں مطلع فرمائیں۔اللہ تبارک وتعالی ہمارے کاموں میں خلوص اورللّٰہیت پیدافرمائے اور ہمیں ہرکام محض اپنی رضاء کے لیے کرنے کی سعادت عطافرمائے۔

مرا ہر عمل بس ترے واسطے ہو
کر اخلاص ایسا عطا یا الٰہی

شعبۂ درسی کتب

مجلس المدینة العلمیه (دعوت اسلامی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جان لے[۱] **تو اے پیارے اسلامی بھائی! اسعدک**[۲] **اللّٰہ تعالی فی الدارین**[۳] **(اللہ تبارک وتعالی تجھے دونوں جہاں میں خوش بخت رکھے) کہ لغت**[٤]

مصنف نے اپنی کتاب کو **بسم اللہ الرحمن الرحیم** سے شروع کیا اس کی کئی وجوہات ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ سرکار مدینہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ((**کل امر ذی بال لا یبدأ فیہ بـ (بسم اللہ الرحمن الرحیم) أقطع**))(الدرالمنثور، ج ۱، ص ۲٦).

نیز اس لیے تا کہ قرآن کریم کی اتباع ہو جائے کہ وہ بھی بسم اللہ... الخ سے شروع ہے۔

❶......قولہ: (**جان لے**) یہ صیغہ امر ہے، مصنفین کی یہ عادت ہے کہ جب بہت اہم چیز بیان کرنی ہو تو لفظ بدا (جان لے) یا لفظ **اِعلم** لاتے ہیں تا کہ مخاطب کی غفلت دور ہو اور اس اہم امر کی طرف متوجہ ہو کر اس کو اچھی طرح سمجھ سکے۔

❷......قولہ: (**اسعدک... الخ**) یہ دعائیہ کلمہ ہے، یہ بھی مصنفین کی شفقتوں سے ہے کہ وہ طلبہ کرام کو جگہ جگہ دعاؤں سے نوازتے رہتے ہیں، اور یہاں سعادت سے مراد علم کی دولت ہے جسے حاصل کر کے اس پر عمل کرنا دنیا و آخرت کی عزت اور سعادتمندی کا سبب اور ذریعہ نجات ہے۔ اگر کہیے کہ مصنف جملہ دعائیہ عربی میں کیوں لائے؟ تو ہم کہیں گے: اس لیے کہ عربی زبان میں کی گئی دعا اللہ تعالی کو محبوب ہے کیونکہ اللہ تعالی کے محبوب اعظم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی زبان عربی ہے، اور محبوب کی ہر شے محبوب ہوتی ہے لہذا اللہ تعالی کو اپنے محبوب اکرم کی زبان محبوب ترین ہے اور تمام زبانوں سے افضل ترین ہے۔

❸......قولہ: (**الدارین**) دارین دار کا تثنیہ ہے، اور دار اصل میں ''دَوَرٌ'' تھا واو کو الف کیا ''دار'' ہو گیا، اس کے لغوی معنی پھر پھر کر آنا، گھر کو دار اسی لئے کہتے ہیں کہ اس میں بھی انسان پھر پھر کر آتا ہے، اور یہاں دارین سے مراد ''دار دنیا'' اور ''دار آخرت'' ہے۔

❹......قولہ: (**لغت**) اصل میں ''لُغوٌ'' یا ''لُغیٌ'' تھا واو یا یاء متحرک ما قبل مفتوح الف ہو کر التقاء ساکنین کی وجہ سے گر گئے اور اس کے عوض آخر میں تاء آ گئی تو ''**لغت**'' ہو گیا۔ (**فائدہ**) تائے عوض ہمیشہ ایسے حرف کے عوض لاتے ہیں جو التقائے ساکنین کے بغیر حذف ہوا ہو جیسے ''عِدَةٌ'' اور ''اِقَامَةٌ'' وغیرہ میں، مگر ''لغة'' اور ''مائة'' یہ دو ایسے کلمے ہیں جن میں واو الف

عرب[1] کے کلمات[2] کی تین قسمیں ہیں[3]: (۱) اسم[4]، جیسے رَجُلٌ، ....

ہوکر التقائے ساکنین سے گری اور آخر میں تاء عوض لائے۔ لغت کا لغوی معنی ہے بولی یعنی ایسی آوازیں جن کے ذریعہ ہر قوم اپنے اغراض ومقاصد بیان کرے، اور اصطلاح میں لغت وہ علم ہے جس سے کسی زبان کے مفردات کے معنی وضعی اور طریقہ استعمال معلوم ہو۔

❶......قولہ: (عـرَب) عَرَب عین اور راء کے فتحہ، یا عین کے ضمہ اور راء کے سکون کے ساتھ، یہ اس مقدس ملک کا نام ہے جس میں نبی محترم شافع امم سید الانبیاء سرور عالم محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پیدا ہوئے اور تشریف فرما ہیں۔

❷......قولہ: (کـلمات...الخ) کلمات کلمہ کی جمع ہے اور کلمہ جمہور نحات کے نزدیک غیر مشتق ہے، اور بعض حضرات فرماتے ہیں یہ کَـلْـمٌ سے ماخوذ ہے جس کا لغوی معنی ''زخمی کرنا'' ہے۔ اور اصطلاح میں کلمہ اس ایک لفظ کو کہتے ہیں جو کسی معنی کے لیے وضع کیا گیا ہو، اور کلمہ کے لغوی معنی (زخمی کرنا) اور اصطلاحی معنی میں مناسبت یہ ہے کہ بعض کلمات بھی اس طرح اثر کرتے ہیں جس طرح زخم کا اثر ہوتا ہے جیسا کہ مقولہ ہے: جـراحة اللسان اصعب من جراحة السنان یعنی زبان (کلام) کا زخم تلوار نیزے کے زخم سے زیادہ سخت ہے۔

❸......قولہ: (تین قسمیں ہیں) ان تین قسموں کو ''سہ اقسام'' بھی کہتے ہیں، قسم کا لغوی معنی ''حصہ'' ہے یا ''شے مقسوم کا جزء'' ہے۔ اگر کہیے کلمہ کی تین ہی قسمیں کیوں ہیں؟ تو ہم کہیں گے اس لیے کہ کلمہ دو حال سے خالی نہیں یا تو مستقل معنی پر دلالت کرے گا یا نہیں۔ اگر نہ کرے تو حرف ہے، اور اگر کرے گا تو پھر دو حال سے خالی نہیں یا تو اس میں زمانہ پایا جائے گا یا نہیں اگر پایا جائے گا تو فعل ہے ورنہ اسم۔

❹......قولہ: (اسم) اسم کا لغوی معنی نشانی یا بلندی ہے، عرف میں بمعنی نام استعمال ہوتا ہے، بصریوں کے نزدیک یہ اصل میں ''سِمْوٌ'' تھا بمعنی بلندی سَـمَـا یَسْمُوْ سے، واو پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا، واو بھی التقائے تنوین کے سبب گر گئی، اور اس واو کے عوض اول میں ہمزہ لائے اور سین کا کسرہ نقل کرکے ہمزہ کو دیا اور میم پر اعراب جاری ہوا، لہذا ''اِسْمٌ'' بروزن ''اِفْعٌ'' ہے۔ اور کوفیوں کے نزدیک اس کی اصل ''وِسْـمٌ'' ہے بمعنی ''نشانی'' اور ''داغ کرنا''، واو کو حذف کرکے اس کے عوض ہمزہ لائے۔ اس تقدیر پر ''اِسْمٌ'' بروزن ''فِعْلٌ'' ہوگا۔ بصریین کے

عِلْمٌ[1]، (۲) فعل[2]، جیسے ضَرَبَ، دَحْرَجَ، اور (۳) حرف[3]، جیسے مِنْ،

نزدیک اسم کو اسم اس لیے کہتے ہیں کہ اسم کا لغوی معنی بلندی ہے اور اسم اصطلاحی بھی اپنے دونوں قسیمین (فعل اور حرف) سے مرتبہ میں بلند ہے؛ کیونکہ اسم مسند الیہ اور مسند ہوسکتا ہے اور فعل مسند ہوتا ہے، مسند الیہ نہیں ہوتا اور حرف نہ مسند ہوتا ہے نہ مسند الیہ۔ اور کوفیین کے نزدیک اسم کو اسم کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اسم کا لغوی معنی نشانی ہے اور اسم اصطلاحی بھی اپنے مسمّٰی پر علامت ہوتا ہے۔ اصطلاح میں اسم وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی پر دلالت کرے اور باعتبار وضع اول تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ اس میں نہ ہو۔ جیسے رَجُلٌ، عِلْمٌ۔

❶......قولہ: (رجل اور علم) یہ اسم کی مثالیں ہیں، اور اسم کی بعض علامتیں یہ ہیں: (۱) اس کے اول میں الف لام ہونا۔ جیسے: الحمد. (۲) اول میں حرف جر ہونا۔ جیسے: لله. (۳) آخر میں تنوین ہونا۔ جیسے: محمد. (۴) مسند الیہ ہونا۔ جیسے: محمد رسول الله. (۵) مضاف ہونا۔ جیسے: محب الله. (۶) مصغّر ہونا۔ جیسے: حسین. (۷) منسوب ہونا۔ جیسے: مدنی، نوری. (۸) تثنیہ ہونا۔ جیسے: عالمان. (۹) جمع ہونا۔ جیسے: عالمون. (۱۰) موصوف ہونا۔ جیسے: رجل عالم. (۱۱) آخر میں تائے متحرکہ ہونا جو بوقت وقف ''ھاء'' ہوجائے۔ جیسے: فاطمة. (۱۲) مستثنیٰ ہونا۔ جیسے: جاء نی القوم الا زیدا.

❷......قولہ: (فعل) فِعل (فاء کے کسرہ کے ساتھ) اسم مصدر ہے، اور فَعل (فاء کے فتحہ کے ساتھ) مصدر ہے۔ اس کا لغوی معنی ہے ''کام''، اور اصطلاح میں فعل وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی پر دلالت کرے اور باعتبار وضع اول تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ اس میں نہ پایا جائے۔ جیسے: نَصَرَ، یَنْصُرُ.

فعل اصطلاحی کو فعل اس لیے کہتے ہیں کہ اصطلاحی فعل، لغوی فعل (حدث، معنی مصدری) کو اپنے ضمن میں لیے ہوئے ہوتا ہے۔

❸......قولہ: (اور حرف) حرف کا لغوی معنی ہے ''کنارہ'' کہا جاتا ہے: جلست علی حرف الوادی (میں وادی کے کنارے پر بیٹھا) اور اصطلاح میں حرف وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی پر دلالت نہ کرے۔ حرف کو حرف اس لیے کہتے ہیں کہ یہ کلام میں طرف اور کنارہ پر ہوتا ہے یعنی نہ مسند الیہ ہوتا ہے اور نہ مسند۔

اِلٰی [1].

پھر اسم کی تین قسمیں ہیں [2]: (۱) ثلاثی، (۲) رباعی، (۳) خماسی۔

ثلاثی تین حروف والے [3] اسم کو کہتے ہیں۔ جیسے زَیْدٌ. **رباعی** چار حروف والے اسم کو کہتے ہیں۔ جیسے **جَعْفَرٌ** [4]. اور **خماسی** پانچ حروف والے اسم کو کہتے ہیں،

---

❶......قولہ: (من ، الی) مصنف علیہ الرحمۃ نے اسم ، فعل اور حرف میں سے ہر ایک کی دو دو مثالیں ذکر فرمائی کیوں کہ اسم کی دو قسمیں ہیں: مصدر اور جامد، رجل اسم جامد کی مثال ہے اور علم مصدر کی، اور فعل کی بھی دو قسمیں ہیں: ثلاثی اور رباعی، ضرب ثلاثی کی مثال ہے اور دحرج رباعی کی، اور حرف کی دو مثالیں اس لیے ہیں کہ حرف کا معنی طرف ہے اور ہر چیز کی دو طرفیں ہوتی ہیں: ابتداء اور انتہاء، لہذا من ابتداء کے لیے اور الٰی انتہاء کے لیے ہے۔

❷......قولہ: (اسم کی تین قسمیں ہیں) یہاں اسم سے مراد اسم جامد متمکن ہے کیونکہ مشتق اور مصدر فعل کی طرح ثلاثی ورباعی ہی ہوتے ہیں خماسی نہیں ہوتے، خماسی صرف اسم جامد ہی ہوتا ہے۔ اگر کہیے کہ اسم احادی (ایک حرف والا) اور ثنائی (دو حروف والا) بھی ہوتا ہے۔ جیسے: کاف خطاب اور ھو، تو ان دونوں قسموں کو مصنف نے تقسیم میں کیوں شامل نہیں کیا؟ تو ہم کہیں گے اس لیے کہ احادی اور ثنائی اسم غیر متمکن ہی ہوتے ہیں اور یہ تقسیم اسم متمکن کی ہے۔

❸......قولہ: (ثلاثی تین حروف والے... الخ) ثلاثی کا لغوی معنی ہے تین والا، اور اصطلاحِ اہل صرف میں وہ کلمہ ہے جس میں تین حروف اصلیہ ہوں خواہ ان کے ساتھ کوئی زائد حرف بھی ہو۔ جیسے: کتاب، یا زائد حرف نہ ہو۔ جیسے: رجل۔ اور اسی طرح رباعی اور خماسی ہیں۔ **(فائدہ)** کبھی ثلاثی سے مراد مطلقا سہ حرفی کلمہ ہوتا ہے، اور اسی طرح رباعی اور خماسی سے مطلقا چار حرفی اور پانچ حرفی کلمہ مراد ہوتا ہے، خواہ تمام حروف اصلی ہوں یا بعض حروف اصلی ہوں اور بعض زائد، اسم متمکن ہو یا غیر متمکن، فعل متصرف ہو یا غیر متصرف، اور خواہ وہ کلمہ حرف ہی کیوں نہ ہو۔ جیسے: **اکرم** اور **دحرج** رباعی ہیں، اور **اجتنب، یجتنب** خماسی ہیں۔

❹......قولہ: (**جعفر**) جعفر بمعنی ''نہر صغیر'' یا ''نہر کبیر'' لہذا یہ لغات اضداد سے ہے، نیز اس کا معنی ''ناقۂ فربہ'' بھی ہے۔ البتہ **جعفر** بمعنی ''خربوزہ''، یا بمعنی ''گدھا'' لغت کی معتبر کتابوں سے

جیسے سَفَرْجَلٌ.

اور فعل کی دو قسمیں ہیں: (۱) ثلاثی اور (۲) رباعی[۱]۔

ثلاثی تین حروف والے فعل کو کہتے ہیں۔ جیسے ضَـرَبَ. اور **رباعی** چار حروف والے فعل کو کہتے ہیں۔ جیسے دَحْرَجَ.

معلوم ہونا[۲] چاہیے کہ کلام عرب کا میزان[۳] (جس سے کلمہ کا وزن معلوم

نہیں مل سکا۔

❶......قولہ: (ثلاثی اور رباعی) خیال رہے کہ فعل خماسی نہیں ہوتا، نہ مجرد نہ مزید فیہ؛ کیونکہ فعل معنیً ثقیل ہوتا ہے اس لیے کہ یہ حدث پر دلالت کرتا ہے نیز فاعل اور زمانہ کی طرف نسبت کا محتاج ہے، اب اگر فعل خماسی بھی ہوتا تو اس میں لفظاً اور معنیً دونوں طرح ثقل لازم آتا۔ ہاں! فعل سداسی کی ایک مثال ''حجلنجع'' ہے۔ مگر یہ شاذ ہے۔

❷......قولہ: (معلوم ہونا... الخ) مصنف علیہ الرحمۃ نے حرف کی تقسیم نہیں کی حالانکہ حرف احادی، ثنائی، ثلاثی، رباعی اور خماسی آتا ہے۔ جیسے: ہمزہ استفہام، مـن، لیـت، لـعـل اور لـکـن؛ اس لیے کہ حروف معانی جو کلمہ کی ایک قسم ہیں، یہاں ان کا ذکر کرنا مقصود نہیں؛ کیونکہ صرفی ایسے کلمہ سے بحث کرتے ہیں جو فعل متصرف اور اسم متمکن ہو، اور حرف میں تصرف نہیں ہوتا۔ اور اسی بناء پر اسم غیر متمکن کو بھی اسم کی تقسیم میں شامل نہیں کیا تھا۔

❸......قولہ: (کلام عرب کا میزان) میزان اصل میں ''مِـوْزَانٌ'' تھا، واو ساکن ماقبل مکسور کو یاء سے بدل دیا تو ''میزان'' ہو گیا۔ میزان لغت میں وزن کرنے کا آلہ یعنی ترازو کو کہتے ہیں، اور اہل صرف کی اصطلاح میں میزان سے مراد وہ حروف ہیں جن سے کلمات عرب کا موازنہ اور مقابلہ کیا جائے تاکہ اصلی اور زائد حروف کے درمیان امتیاز ہو جائے۔ اسی کو ''موزون بہ'' بھی کہتے ہیں یعنی جن سے وزن کیا گیا، اور عرب میں میزان اور موزون بہ کو ''وزن'' بھی کہتے ہیں۔ اور جس کلمہ کے حروف کو فاء عین اور لام کے مقابلہ میں لائیں گے اس کو ''موزون'' کہیں گے یعنی وزن کیا گیا۔ جیسے: نَصَرَ بروزن فَعَلَ میں نَصَرَ کو ''موزون'' اور فَعَلَ کو اس کا ''میزان'' یا ''موزون بہ'' یا ''وزن'' کہیں گے۔ اور کلمہ کے حروف کو فاء عین اور لام کے مقابل کرنے کو ''وزن کرنا'' کہتے

کرتے ہیں) (ف، ع، ل) ہیں جن کا مجموعہ (فعل) ہے۔

اور حرف کی بھی دو قسمیں ہیں[1]: (۱) حرف اصلی (۲) حرف زائد۔

حرف اصلی وہ حرف جو فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں آئے۔ جیسے ضَرَبَ بروزن فَعَلَ. اور **حرف زائد** وہ حرف جو فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں نہ ہو۔ جیسے اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ. (میں ھمزہ)

ہیں۔ (**فائدہ**): وزن کی تین قسمیں ہیں: (۱) وزن صرفی (۲) وزن صوری (۳) وزن عروضی۔

وزن صرفی: وہ وزن جس میں حروف اصلیہ وزائدہ اور حرکات خصوصیہ وسکنات کی موافقت ہو جیسے: عَوَارِفُ بروزن فَوَاعِلُ. اسے ''وزن تصریفی'' بھی کہتے ہیں۔

وزن صوری: وہ وزن جس میں حرکات خصوصیہ وسکنات کی موافقت ہو اگر چہ حروف اصلیہ وزائدہ کی موافقت نہ ہو۔ جیسے: عَوَارِفُ بروزن اَفَاعِلُ یا مَفَاعِلُ.

وزن عروضی: وہ وزن جس میں حرکات وسکنات کی موافقت ہو اگر چہ حروف اصلیہ وزائدہ اور حرکات خصوصیہ کی موافقت نہ ہو۔ جیسے: عَوَارِفُ بروزن مُفَاعَلٌ.

❶......قولہ: (حرف کی بھی دو قسمیں ہیں...الخ)

یہاں حرف سے مراد وہ حرف نہیں جو کلمہ کی ایک قسم ہے بلکہ مراد حرف مبانی ہے۔

(**فائدہ**) مطلق حروف کی دو قسمیں ہیں: (۱) حروف معانی (۲) حروف مبانی، **حروف معانی**: وہ حروف ہیں جو با معنی ہوں۔ جیسے: ''مِن'' اور ''اِلٰی''، یہی حروف کلمہ کی ایک قسم ہیں، ان کے بارے میں نحوی حضرات بحث کرتے ہیں۔ اور **حروف مبانی**: وہ حروف ہیں جو با معنی نہ ہوں، ان سے کلمات مرکب ہوتے ہیں۔ جیسے: ''ب، ت'' وغیرہ، ان کو ''حروف تہجی'' اور ''حروف ہجا'' بھی کہتے ہیں، یہ حروف کلمہ کی قسم نہیں۔ پھر حروف مبانی کی دو قسمیں ہیں: (۱) حروف اصلیہ (۲) حروف زائدہ۔ **حروف اصلیہ** کسی کلمہ کے وہ حروف جو اس کے وزن کے فاء عین اور لام کے مقابل ہوں۔ جیسے: نَصَرَ بروزن فَعَلَ. اور **حروف زائدہ**: وہ حروف جو فاء عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں نہ ہوں۔ جیسے: نَاصِرٌ بروزن فَاعِلٌ. میں الف زائد ہے۔ خیال رہے کہ کسی کلمہ کے حروف اصلیہ ہی کو اس کلمہ کا ''مادہ'' کہتے ہیں۔

یاد رکھ اے پیارے بھائی! کہ حروف اصلیہ ثلاثی میں تین ہوتے ہیں: فاء، عین اور ایک لام [1]۔ جیسے ضَرَبَ بروزن فَعَلَ. رباعی میں چار ہوتے ہیں: فاء، عین اور دو لام۔ جیسے دَحْرَجَ بروزن فَعْلَلَ.

اور خماسی میں پانچ ہوتے ہیں: فاء، عین اور تین لام۔ جیسے جَحْمَرِشٌ بروزن فَعْلَلِلٌ۔ خیال رہے کہ ثلاثی کی پھر دو قسمیں ہیں [2]: (۱) ثلاثی مجرد [3] (۲) ثلاثی مزید فیہ [4]۔

❶...... قولہ: (فاء عین اور ایک لام) علمائے صرف کی اصطلاح میں کسی کلمہ کے ''فاء کلمہ'' سے مراد وہ حرف ہے جو اس کے وزن کے فاء کے مقابلہ میں ہو، اور عین کلمہ سے مراد وہ حرف ہے جو عین کے مقابل ہو، اور پہلے لام سے مراد وہ حرف ہے جو پہلے لام کے مقابلہ میں ہو، اور دوسرے لام سے مراد وہ ہے جو دوسرے لام کے مقابلہ میں ہو، اور تیسرے لام سے مراد وہ حرف ہے جو تیسرے لام کے مقابلہ میں ہو۔ جیسے: جَحْمَرِشٌ بروزن فَعْلَلِلٌ. میں جحمرش کا جیم فاء کلمہ ہے، حاء عین کلمہ ہے، میم پہلا لام ہے، راء دوسرا لام، اور شین تیسرا لام ہے۔

❷...... قولہ: (ثلاثی کی پھر دو قسمیں ہیں) یعنی (۱) ثلاثی مجرد (۲) ثلاثی مزید فیہ، اسی طرح رباعی اور خماسی کی بھی دو دو قسمیں ہیں، انہی چھ اقسام کو ''شش اقسام'' کہتے ہیں۔

❸...... قولہ: (ثلاثی مجرد) مجرد تجرید سے صیغۂ اسمِ مفعول ہے، اس کا لغوی معنی ہے'' خالی کیا ہوا''، اور اصطلاح میں اس سے مراد وہ کلمہ ہے جس میں صرف حروف اصلیہ ہی ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو، گویا وہ کلمہ حرف زائد سے خالی کیا ہوا ہوتا ہے۔ جیسے: نَصَرَ، نُوْرٌ، دَحْرَجَ، جَعْفَرٌ.

❹...... قولہ: (مزید فیہ) مزید ''زَادَ، یَزِیْدُ'' سے صیغۂ اسمِ مفعول ہے، اصل میں'' مَزْیُوْدٌ'' تھا؛ یاء کا ضمہ ماقبل کو دے کر یاء کی موافقت کی لیے ضمہ کو کسرہ سے بدلا، '' مَزِیْوْدٌ'' ہوا، پہلی یاء التقائے ساکنین سے گرگئی ''مَزِوْدٌ'' ہوا، واو ساکن ماقبل کسرہ کو یاء سے بدلا تو یہ'مَزِید'' ہوگیا۔ اس کا لغوی معنی ہے'' زیادہ کیا ہوا''، ''فیہ'' کا معنی ہے''اس میں'' اور اصطلاح میں مزید فیہ وہ کلمہ ہے جس میں حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے: اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ اور قِرْطَاسٌ

ثلاثی مجرد وہ کلمہ جس میں تین حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے **ضَرَبَ** بروزن **فَعَلَ**. اور **ثلاثی مزید فیہ** وہ کلمہ جس میں تین حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے **اَکْرَمَ** بروزن **اَفْعَلَ**.

اسی طرح رباعی کی بھی دو قسمیں ہیں: (۱) رباعی مجرد (۲) رباعی مزید فیہ۔

رباعی مجرد وہ کلمہ جس میں چار حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے **دَحْرَجَ** بروزن **فَعْلَلَ**. اور **رباعی مزید فیہ** وہ کلمہ جس میں چار حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے **تَدَحْرَجَ** بروزن **تَفَعْلَلَ**.

اور خماسی کی بھی دو قسمیں ہیں: (۱) خماسی مجرد (۲) خماسی مزید فیہ۔

خماسی مجرد وہ کلمہ جس میں پانچ حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے **جَحْمَرِشٌ** (بوڑھی عورت) بروزن **فَعْلَلِلٌ**.

اور **خماسی مزید فیہ** وہ کلمہ جس میں پانچ حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے **خَنْدَرِیْسٌ** (پرانی شراب، پرانی گندم وغیرہ) بروزن **فَعْلَلِیْلٌ**.

اے عزیز طالبعلم! اسم اور فعل کی جملہ قسمیں سات اقسام سے باہر نہیں [1] ہیں اور سات اقسام درج ذیل ہیں:

بروزن فِعْلَالٌ اور خَنْدَرِیْسٌ بروزن فَعْلَلِیْلٌ. (**فائدہ**) فعل اور اسم متمکن میں کم از کم حروف اصلیہ تین ہوتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ فعل میں چار اور اسم میں پانچ ہوتے ہیں، اور بعض حروف کے حذف ہوجانے کے بعد فعل میں ایک دو حروف رہ جاتے ہیں ۔جیسے: ''ق'' اور ''قُل''، اور حروف کی زیادتی کے بعد فعل میں زیادہ سے زیادہ چھ حروف ہوں گے اور اسم میں سات ۔جیسے: ''**اِستغفر**'' اور ''**استغفار**''.

❶ ......**قولہ**: (سات اقسام سے باہر نہیں) ان سات اقسام سے مراد اسم متمکن اور فعل کی وہ سات اقسام ہیں جو حروف صحیحہ اور حروف علت کے اعتبار سے بنتی ہیں ،اور یہ کتاب میں

صحیح، مہموز، مضاعف، مثال، اجوف، ناقص، لفیف۔

(۱) صحیح[۱]:

وہ اسم یا فعل[۲] جس کے فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں نہ حرف علت ہو نہ ہمزہ ہو اور نہ دو حروف ہم جنس ہوں۔ جیسے ضَرْبٌ اور ضَرَبَ بروزن فَعْلٌ اور فَعَلَ۔

نوٹ: حروف علت تین ہیں: واو، الف، اور یاء[۳] جن کا مجموعہ (وای) ہے۔

مذکور ہیں۔ انہی سات اقسام کو اصطلاح صرف میں ''ہفت اقسام'' کہتے ہیں۔ اور بعض صرفیین دو ہی قسمیں شمار کرتے ہیں: (۱) صحیح اور (۲) معتل۔ اور بعض تین قسمیں بتاتے ہیں: (۱) صحیح (۲) معتل اور (۳) مضاعف۔ اور بعض چار قسموں پر تقسیم کرتے ہیں: (۱) صحیح (۲) مہموز (۳) مضاعف اور (۴) معتل۔

❶......قولہ: (صحیح) صحیح کا لغوی معنی ہے ''تندرست'' اور صرفیوں کی اصطلاح میں اس سے مراد وہ کلمہ ہے جس کی تعریف کتاب میں مذکور ہے، صحیح اصطلاحی کو ''صحیح'' کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں حرف علت، ہمزہ اور دو حروف ہم جنس (جو اعلال اور تغیر کا سبب ہیں) نہ ہونے کی بناء پر یہ تعلیلات اور تغیرات سے محفوظ ہوتا ہے، اسی لیے اس کو ''سالم'' بھی کہتے ہیں۔ اور نحویوں کے نزدیک صحیح وہ کلمہ ہے جس کے آخر میں حرف علت نہ ہو۔ جیسے: زید۔

❷......قولہ: (وہ اسم یا فعل ... الخ) اگر کہیے: کہ صحیح کی تعریف لفظ ''صحیح'' پر صادق نہیں آتی کیونکہ اس میں دو حروف اصلیہ ہم جنس ہیں۔ تو ہم کہیں گے: صحیح کی تعریف مسمّٰی صحیح کے لیے ہے نہ کہ اسم صحیح کے لیے۔

❸......قولہ: (واو الف اور یاء) ان کو ''حروف ہوائی''، ''ام الزوائد''، ''حروف اعتلال''، ''حروف لین'' اور ''حروف مدہ'' بھی کہتے ہیں؛ **حروف علت** تو ان کو مطلقاً کہتے ہیں خواہ متحرک ہوں یا ساکن، ماقبل حرکت موافق ہو یا مخالف۔ جیسے: عَوِرَ، قَالَ، قَوْلٌ. اور **حروف لین** اس وقت کہتے ہیں جبکہ یہ ساکن ہوں خواہ ماقبل حرکت موافق ہو یا مخالف۔ جیسے: قِيْلَ اور بَيْعٌ. نیز **مدہ** خاص طور پر اس صورت میں کہتے ہیں جبکہ یہ ساکن ہوں اور ماقبل حرکت موافق ہو یعنی واو ساکن ما

(۲) مہموز[1]:

وہ اسم یا فعل جس کا کوئی ایک حرف اصلی ہمزہ ہو۔اور اس کی تین قسمیں ہیں:

(۱) مہموز الفاء، (۲) مہموز العین، (۳) مہموز اللام۔

مہموز الفاء وہ اسم یا فعل جس کے ''فاء'' کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ آئے۔جیسے اَمْرٌ اور اَمَرَ بروزن فَعْلٌ اور فَعَلَ.

مہموز العین وہ اسم یا فعل جس کے ''عین'' کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ آئے۔ جیسے سُؤْلٌ اور سَأَلَ بروزن فُعْلٌ اور فَعَلَ.

اور **مہموز اللام** وہ اسم یا فعل جس کے ''لام'' کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ آئے۔ جیسے قَرْءٌ اور قَرَءَ بروزن فَعْلٌ اور فَعَلَ.

(۳) مضاعف[2]:

مضاعف وہ کلمہ جس میں دو حروف اصلیہ ہم جنس (ایک جیسے) ہوں۔اور اس کی دو قسمیں ہیں: (۱) مضاعف ثلاثی (۲) مضاعف رباعی۔

قبل ضمہ ہو تو واو مدہ، یاء ساکن ما قبل کسرہ ہو تو یاء مدہ، اور الف ما قبل فتحہ ہو تو الف مدہ ہے۔ان تینوں حروف مدہ کی مثال ''نُوْحِیْھَا'' ہے۔خیال رہے الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے۔حروف علت کے علاوہ تمام حروف تہجی کو ''حروف صحیحہ'' کہتے ہیں۔

❶......قولہ: (مہموز) مہموز کا لغوی معنی ہے ''ہمزہ دیا ہوا'' اور اصطلاح میں اس سے مراد وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں ہمزہ ہو۔جیسے: اَمَرَ. اگر ہمزہ کسی حرف اصلی سے بدل کر آیا ہو۔ جیسے: قائل بروزن فاعل اور دعاء بروزن فعال میں تو اعتبار حرف اصلی ہی کا ہوگا؛ لہذا قائل اور دعاء معتل کہلائیں گے نہ کہ مہموز، یہ بات ہر جگہ ملحوظ رہے۔

❷......قولہ: (مضاعف) مضاعف بفتح عین، ضَاعَفَ، یُضَاعِفُ سے صیغۂ اسم مفعول ہے، اس کا لغوی معنی ہے ''دوہرا کیا ہوا''۔مضاعف اصطلاحی کو مضاعف اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں

مضاعف ثلاثی[۱] وہ اسم یا فعل جس کے عین اور لام کلمہ[۲] کے مقابلہ میں دو حروف ایک جنس کے ہوں۔ جیسے مَدٌّ و مَدَّ بروزن فَعلٌ و فَعَلَ. کہ اصل میں مَدَدٌ اور مَدَدَ تھے۔

مضاعف رباعی[۳] وہ اسم یا فعل جس کے فاء اور لام اُولیٰ یا عین اور لام ثانیہ کے مقابلہ میں دو حروف ایک جنس کے ہوں۔ جیسے زَلْـزَلَ و زِلْـزَالاً بروزن فَعْلَلَ و فِعْلَالاً.

(۴) مثال[٤]:

وہ اسم یا فعل جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت آجائے۔ جیسے وَصْلٌ اور وَصَلَ بروزن فَعْلٌ اور فَعَلَ.

بھی ایک حرف کو دوہرا کیا ہوا ہوتا ہے۔

❶......قولہ: (مضاعف ثلاثی) اس میں عموماً پہلے حرف کو دوسرے میں ادغام کرنے سے شد حاصل ہوجاتی ہے اور اس میں شدت یا سختی ہوتی ہے؛ اسی لیے مضاعف ثلاثی کو ''اصم'' (بہرا اور سخت) بھی کہتے ہیں۔

❷......قولہ: (عین اور لام کلمہ .. الخ) اگر فاء اور عین کلمہ ہم جنس ہوں جیسے: ددن (لہو ولعب) یا فاء اور لام کلمہ ہم جنس ہوں جیسے: سلس، یا فاء وعین ولام تینوں کلمے ہم جنس ہوں جیسے ققق (آواز طفل) تو یہ بھی مضاعف ثلاثی ہے، مگر چونکہ یہ قلیل الاستعمال ہیں لہذا بحویٰ القلیل کالمعدوم اکثر صرفیوں نے اس کا اعتبار نہیں کیا۔

❸......قولہ: (مضاعف رباعی) چونکہ اس میں ترکیب وترتیب کے لحاظ سے آخری دو حروف پہلے دو حروف کے مطابق ہوتے ہیں مثلاً: زَلْزَلَ اس میں پہلے دو حروف ''زل'' ہیں دوسرے بھی ''زل'' تو یہ دونوں زلزل ہوا، اسی لیے مضاعف رباعی کو ''مطلق'' بھی کہتے ہیں۔

❹......قولہ: (مثال) مثال کا لغوی معنی ہے ''مانند'' اور اصطلاحی تعریف کتاب میں مذکور ہے، مثال کو ''معتل الفاء'' اور ''معتل الطرف'' بھی کہتے ہیں کہ اس قسم میں حرف علت طرف پر واقع

(۵) اجوف[۱]:

وہ اسم یا فعل جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو۔ جیسے قَــوْلٌ، قَالَ اور بَیْعٌ، بَاعَ بروزن فَعْلٌ اور فَعَلَ.

(۶) ناقص[۲]:

وہ اسم یا فعل جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو۔ جیسے غَــزْوٌ،

ہوتا ہے۔

خیال رہے کہ مثال کی دو قسمیں ہیں: (۱) مثال واوی اور (۲) مثال یائی، **مثال واوی** وہ اسم یا فعل جس کا فاء کلمہ واو ہو۔ جیسے: وَعَدَ، **مثال یائی** وہ اسم یا فعل جس کا فاء کلمہ یاء ہو۔ جیسے: یُسْرٌ. مثال اصطلاحی کو مثال اس لیے کہتے ہیں کہ اس کی ماضی کی گردان صحیح کی گردان کی مانند ہے یعنی جس طرح صحیح کی گردان میں تبدیلی نہیں اسی طرح اس میں بھی تبدیلی نہیں۔

❶......قولہ: (اجوف) اجوف کا لغوی معنی ہے ''درمیان سے خالی'' یا ''ذو یطن'' اور اصطلاحی تعریف کتاب میں مذکور ہے، اجوف کو ''معتل العین'' اور ''ذو ثلاثہ'' بھی کہتے ہیں؛ اس لیے کہ اس کی ماضی ثلاثی مجرد کے واحد متکلم کے صیغہ میں مع ضمیر کل تین حروف ہوتے ہیں۔ جیسے: قُــلْــتُ، اجوف کی بھی دو قسمیں ہیں: (۱) اجوف واوی اور (۲) اجوف یائی، **اجوف واوی** وہ اسم یا فعل جس کا عین کلمہ واو ہو۔ جیسے: نُوْرٌ بروزن فُعْلٌ. **اجوف یائی** وہ اسم یا فعل جس کا عین کلمہ یاء ہو۔ جیسے: زَیْدٌ بروزن فَعْلٌ.

❷......قولہ: (ناقص) ناقص کا لغوی معنی ہے ''ناتمام'' اصطلاحی تعریف کتاب میں مذکور ہے۔ ناقص کو ''منقوص'' اور ''معتل اللام'' اور ''ذو اربعہ'' بھی کہتے ہیں۔ اور اصطلاحِ نحات میں منقوص وہ کلمہ ہے جس کے آخر میں یاء اور ماقبل مکسور ہو۔ جیسے: قَــاضِــی. ناقص نقص سے ہے نقص کا معنی ہے ''کم ہونا'' یا ''کم کرنا'' (لازم اور متعدی) ''ناقص'' مصدر لازم سے اور ''منقوص'' مصدر متعدی سے مشتق ہے، ناقص یا منقوص اِس کلمہ کو اس لیے کہتے ہیں کہ اس کا لام کلمہ اکثر گر جاتا ہے اور کلمہ میں لفظاً نقص آجاتا ہے۔ جیسے: یَدْعُوْ سے لَمْ یَدْعُ. اور ذو اربعہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس سے واحد متکلم ماضی ثلاثی مجرد میں مع ضمیر کل چار حرف ہوتے ہیں۔ اگر کہیے: یہ وجہ تو صحیح اور مثال

غَزَا اور رَمُیٌ، رَمٰی بروزن فَعُلٌ، فَعَلَ.

(۷) لفیف(۱):

اور اس کی دو قسمیں ہیں: (۱) لفیف مفروق(۲) (۲) لفیف مقرون(۳)۔

لفیف مفروق وہ اسم یا فعل جس میں فاء اور لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت واقع ہو۔ جیسے وَقْیٌ اور وَقٰی بروزن فَعْلٌ اور فَعَلَ. اور **لفیف مقرون** وہ اسم یا فعل جس میں عین اور لام کلمہ کے(٤) مقابلہ میں حرف علت ہو۔ جیسے: طَــــيٌّ اور طَــــوٰی،

اور مہموز اور مضاعف میں بھی موجود ہے لہذا ان کو بھی ذو اربعۃ کہنا چاہیے؟ تو ہم کہیں گے: جمہور متأخرین کے نزدیک اگرچہ ''تعریف'' میں اطراد وانعکاس شرط ہے اور ''خاصہ'' میں فقط اطراد شرط ہے، مگر ''وجہ تسمیہ'' میں نہ اطراد شرط ہے نہ انعکاس؛ لہذا اگر کہا جائے: کہ ''شیشی کو'' قارورہ'' اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں پانی قرار پکڑتا ہے'' تو اس پر یہ اعتراض کرنا جہالت ہے کہ'' گھڑے کو قارورہ کیوں نہیں کہتے یہ بھی تو پانی کی قرار گاہ ہے''، اسی طرح مانحن فیہ میں تامل۔

❶......قولہ: (لفیف) لفیف کا لغوی معنی ہے''لپٹا ہوا'' نیز آدمیوں کی ایسی جماعت کو بھی لفیف کہتے ہیں جو مختلف جماعتوں سے مل کر بنے، اور ایسے طعام کو بھی لفیف کہتے ہیں جس میں مختلف قسم کے طعام جمع ہوں، چونکہ لفیف اصطلاحی میں بھی دو حروف علت لپٹے ہوئے ہوتے ہیں اس لیے اسے''لفیف'' کہتے ہیں۔

❷......قولہ: (لفیف مفروق) مفروق کا لغوی معنی ہے''جدا کیا ہوا'' چونکہ مفروق اصطلاحی میں بھی دو حروف علت کو حرف اصلی صحیح کے ذریعہ جدا کیا ہوا ہوتا ہے اس لیے اسے''لفیف مفروق'' کہتے ہیں۔ نیز اسے ''ملتوِی'' بھی کہتے ہیں؛ کہ اس کا لغوی معنی ہے''لپیٹنے والا'' اور چونکہ لفیف مفروق میں دو حروفِ علت ایک حرف صحیح کو لپیٹے ہوتے ہیں اس لیے اسے ''ملتوی'' بھی کہتے ہیں۔

❸......قولہ: (لفیف مقرون) مقرون کا لغوی معنی ہے''ایک دوسرے سے ملایا ہوا'' چونکہ مقرون اصطلاحی میں بھی دو حروف علت آپس میں ملائے ہوئے ہوتے ہیں، درمیان میں حرف صحیح فاصل نہیں ہوتا اس لیے اسے مقرون کہتے ہیں۔

❹......قولہ: (عین اور لام کلمہ کے... الخ) خیال رہے کہ اگر اسم کے فاء و عین کے مقابلہ میں حرف

حَیٌّ اور حَیِیَ بروزن فَعْلٌ اور فَعَلَ و فَعِلَ.

خیال رہے کہ اسم کی پھر دو قسمیں ہیں [۱]: (۱) اسم جامد (۲) اسم مصدر۔

اسم جامد وہ اسم جس سے کوئی دوسرا اسم یا **فعل مشتق** نہ ہو۔ اس کے فارسی ترجمہ کے آخر میں ''دن'' یا ''تن'' نہ آتا ہو۔ جیسے رَجُلٌ و فَرَسٌ.

اور **اسم مصدر**: وہ اسم جس سے کوئی چیز **مشتق** ہو [۲]۔ اس کے فارسی ترجمہ کے آخر میں ''دن'' یا ''تن'' آتا ہو۔ جیسے اَلضَّرْبُ (زدن) (مارنا) اَلْقَتْلُ (کشتن) (قتل کرنا)

علت ہو تو وہ بھی لفیف مقرون ہے۔ جیسے وَیْلٌ، یَوْمٌ مگر یہ صورت قلیل الاستعمال ہے اور وہ بھی صرف اسم میں ہے لہذا اس کا اعتبار نہ کرتے ہوئے اسے تعریف میں شامل نہیں کرتے۔ **(فائدہ)** معتل کی تین قسمیں ہیں: (۱) معتل بیک حرف، اس کی پھر تین قسمیں ہیں: مثال، اجوف، اور ناقص۔ (۲) معتل بدو حرف، اسے لفیف بھی کہتے ہیں، اس کی پھر دو قسمیں ہیں: لفیف مفروق اور لفیف مقرون۔ ان سب کی تعریفات کتاب میں مذکور ہیں۔ (۳) معتل بسہ حرف، وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ کے مقابلہ میں تین حروف علت ہوں۔ جیسے: وَوَّیْتُ، یَیَّیْتُ، اسے ''معتل الکل'' اور ''معتل مطلق'' بھی کہتے ہیں۔ نہایت قلیل الاستعمال ہونے کی بناء پر اسے بھی شمار نہیں کرتے۔

❶ ......قولہ: (اسم کی پھر دو قسمیں ہیں) اس سے پہلے اسم کی تقسیم باعتبار ذات تھی اور یہ تقسیم باعتبار صفت ہے۔ اس اعتبار سے اگرچہ اسم کی تین قسمیں بنتی ہیں: (۱) مصدر (۲) جامد اور (۳) مشتق، مگر چونکہ مشتق مصدر کی فرع ہے اور مصدر مشتق کی اصل، اور ذکرِ اصل کے بعد ذکرِ فرع کی حاجت نہیں رہتی؛ لِاَنَّ ذِکْرَ الْاَصْلِ یُغْنِیُ عَنْ ذِکْرِ الْفَرْعِ (اصل کا ذکر، ذکر فرع سے بے نیاز کر دیتا ہے) اس لیے مصنف علیہ الرحمہ نے مشتق کو تقسیم میں شامل نہیں کیا۔

❷ ......قولہ: (جس سے کوئی چیز مشتق ہو) چیز سے مراد اسماء اور افعال ہیں، اگر کہیے: مصدر کی یہ تعریف دخول غیر سے مانع نہیں اس لیے کہ یہ لَبَنٌ پر بھی صادق آتی ہے؛ کیونکہ اس سے اَلْبَنَ مشتق ہوتا ہے، حالانکہ لبن اسم مصدر نہیں۔ تو ہم کہیں گے: یہاں اشتقاق سے مراد اشتقاق حقیقی

☆......ثلاثی مجرد کے مشہور اوزان مصدر......☆

وزن	مصدر	ترجمہ	وزن	مصدر	ترجمہ
فَعْلٌ	ضَرْبٌ	مارنا	فِعْلَانٌ	عِرْفَانٌ	پہچاننا
فِعْلٌ	عِلْمٌ	جاننا	فُعْلَانٌ	غُفْرَانٌ	بخش دینا
فُعْلٌ	شُرْبٌ	پینا	فَعَلٌ	طَلَبٌ	تلاش کرنا
فَعُوْلٌ	قَبُوْلٌ	قبول کرنا	فِعَلٌ	صِغَرٌ	چھوٹا ہونا
فَعْلَانٌ	لَيَّانٌ	ٹیڑھا کرنا	فُعَلٌ	هُدًى	رہنمائی کرنا
فُعُوْلٌ	جُلُوْسٌ	بیٹھنا	مَفْعَلَةٌ	مَنْقَبَةٌ	تعریف کرنا
فَعْلَى	دَعْوَى	پکارنا	فَعَالٌ	وَفَاءٌ	پورا کرنا
فِعْلَةٌ	رِحْمَةٌ	مہربان ہونا	فِعَالٌ	فِرَارٌ	بھاگنا
فُعْلَةٌ	قُدْرَةٌ	قادر ہونا	فُعَالٌ	سُوَالٌ	سوال کرنا
فِعَالَةٌ	تِلَاوَةٌ	پڑھنا	فَعَالَةٌ	شَهَادَةٌ	گواہی دینا
فِعَالَةٌ	بِغَايَةٌ	تلاش کرنا	فَاعِلَةٌ	كَاذِبَةٌ	جھوٹ بولنا
			مَفْعُوْلَةٌ	مَكْذُوْبَةٌ	جھوٹ بولنا

یہ بھی خیال رکھ کہ عرب[1] ہر مصدر سے[2] بارہ چیزیں[3] ....

ہے، اور لَبَنٌ سے اَلْبَنَ اشتقاق جعلی سے مشتق ہے۔

❶......قولہ: (عرب) یہاں عرب سے مراد مجازاً اہل عرب ہیں، از قبیل "ذکر المحلّ وارادة الحالّ" یا عبارت بحذف مضاف ہے یعنی لفظ عرب سے پہلے لفظ "اہل" محذوف ہے۔ جیسے آیۂ کریمہ: (واسئل القریة) میں کہ مراد "اہل قریہ" ہیں۔

❷......قولہ: (ہر مصدر سے... الخ) یہاں مصدر سے مراد ثلاثی مجرد کا مصدر ہے جو تام ہو متعدی ہو اور بمعنی لون وعیب نہ ہو، اس لیے کہ مصدر غیر ثلاثی مجرد، مصدر ناقص، مصدر لازم، اور اسی طرح وہ مصادر جو بمعنی لون وعیب ہوں ان سے مذکورہ "بارہ" چیزیں مشتق نہیں ہوتیں۔

❸......قولہ: (بارہ چیزیں) بارہ چیزوں کا ذکر تغلیباً اور للاکثر حکم الکل کی بناء پر ہے، ورنہ

مشتق کرتے ہیں[1]:

(۱) ماضی (۲) مضارع (۳) اسم فاعل (۴) اسم مفعول (۵) جحد (۶) نفی (۷) امر (۸) نہی (۹) اسم زمان (۱۰) اسم مکان (۱۱) اسم آلہ (۱۲) اسم تفضیل۔

(۱) **ماضی**: گزرے ہوئے زمانے میں واقع ہونے والے فعل کا نام ہے۔ جیسے: ضَرَبَ. (۲) **مضارع**: موجودہ یا آنیوالے زمانے میں واقع ہونے والے فعل کا نام ہے۔ جیسے: یَضْرِبُ. (۳) **اسم فاعل**: کام کرنیوالے کا نام ہے۔ جیسے: ضَارِبٌ. (۴) **اسم مفعول**: جس پر کام کیا جائے اس کا نام ہے۔ جیسے: مَضْرُوْبٌ. (۵) **جحد**: انکار ماضی کو کہتے ہیں۔ جیسے: لَمْ یَضْرِبْ. (۶) **نفی**: انکار مستقبل کو کہتے ہیں۔ جیسے: لَایَضْرِبُ. (۷) **امر**: کسی کام کا حکم دینا۔ جیسے: اِضْرِبْ. (۸) **نہی**: کسی کام سے روکنا۔ جیسے: لَاتَضْرِبْ. (۹) **اسم زمان**: کام کرنے کے زمانے کا نام ہے۔ جیسے: مَضْرِبٌ. (۱۰) **اسم مکان**: کام کرنے کی جگہ کا نام ہے۔ جیسے: مَضْرِبٌ. (۱۱) **اسم آلہ**: جس چیز کے ساتھ کام کیا جائے اس کا نام ہے۔ جیسے: مِضْرَبٌ. (۱۲) **اسم تفضیل**: زیادہ (کام) کرنے والے کا نام ہے۔ جیسے: اَضْرَبُ.

نوٹ: اختصار کے ساتھ بارہ اقسام کی امثلہ ذکر کردی گئیں تاکہ مبتدیوں کے لیے یاد کرنا آسان رہے۔

ان بارہ چیزوں کے علاوہ فعل تعجب، اسم فعل بروزن فعال بمعنی امر حاضر، نفی تاکید بلن، مضارع مؤکد بلام تاکید و نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ، صفت مشبہ اور اسم مبالغہ بھی مصدر سے مشتق ہوتے ہیں۔

[1] ......قولہ: (مشتق کرتے ہیں) مشتق اشتقاق سے صیغۂ اسم مفعول ہے، جمہور صرفیین کے نزدیک اشتقاق کہتے ہیں ''قدرے تغیر کے ساتھ کسی لفظ کا کسی اور لفظ سے نکالنا'' بشرطیکہ ان دونوں لفظوں کے درمیان حروف اصلیہ اور معانی میں مناسبت باقی رہے۔ جس لفظ سے نکالا جائے اسے ''مشتق منہ'' یا ''ماخذ'' کہتے ہیں، اور جس کو نکالا جائے اسے ''مشتق'' کہتے ہیں۔

صرف صغیر (۱) فعل صحیح ثلاثی بروزن فعل یفعل جیسے اَلضَّرْبُ (مارنا)

ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَرْبًا، فَهُوَ ضَارِبٌ (۲)، وَضُرِبَ یُضْرَبُ ضَرْبًا، فَذَاکَ مَضْرُوْبٌ (۳)، لَمْ یَضْرِبْ لَمْ یُضْرَبْ، لَا یَضْرِبُ لَا یُضْرَبُ، لَنْ

(فائدہ) اشتقاق کی تین قسمیں ہیں: (۱) اشتقاق صغیر (۲) اشتقاق کبیر (۳) اشتقاق اکبر۔ **اشتقاق صغیر** یہ ہے کہ مشتق منہ اور مشتق کے درمیان حروف اصلیہ اور ترتیب حروف میں تناسب ہو۔ جیسے: ضَرْبٌ سے ضَرَبَ، یہاں پر یہی اشتقاق صغیر مراد ہے، اور یہی کثیر الوقوع ہے۔ **اشتقاق کبیر** یہ ہے کہ مشتق منہ اور مشتق کے درمیان حروف اصلیہ میں مناسبت ہو اور ترتیب حروف میں تناسب نہ ہو۔ جیسے: جَذْبٌ سے جَبَذَ۔ **اشتقاق اکبر** یہ ہے کہ مشتق منہ اور مشتق کے درمیان مخارج حروف میں تناسب ہو۔ جیسے: نَهْقٌ سے نَعَقَ.

(فائدہ) بصریین کے نزدیک مصدر اصل ہے اور فعل فرع ہے اور کوفیہ کے نزدیک فعل اصل ہے اور مصدر فرع، مصنف علیہ الرحمہ نے بصریین کا قول اختیار کرتے ہوئے فعل کو مشتقات میں شمار کیا ہے اور یہی راجح ہے۔

❶......قولہ: (صرف صغیر) خیال رہے صرف کی دو قسمیں ہیں: (۱) صرف صغیر اور (۲) صرف کبیر۔ متقدمین کے نزدیک صرف صغیر یہ ہے کہ ہر گردان سے ایک ایک صیغہ ذکر کیا جائے۔ اور متأخرین کے نزدیک صرف صغیر یہ ہے کہ بعض گردانوں سے ایک ایک صیغہ اور بعض گردانوں کے تمام صیغے ذکر کیے جائیں، مصنف علیہ الرحمہ نے اسی کو اختیار فرمایا ہے۔ (فائدہ) فعل کے صیغے کثیر ہونے کی بناء پر صرف صغیر میں اس کا ایک ایک صیغہ اور اسم کے صیغے قلیل ہونے کی وجہ سے اس کے تمام صیغے ذکر کیے جاتے ہیں۔ مگر اسم فاعل اور اسم مفعول کی فعل کے ساتھ قوتِ مشابہت کے سبب ذکر صیغ کے باب میں اس پر فعل کا حکم جاری کرتے ہوئے اس کے بھی بعض ہی صیغے ذکر کیے جاتے ہیں، بخلاف اسم تفضیل کے؛ کہ اس کی مشابہت فعل کے ساتھ ضعیف ہونے کی وجہ سے اس پر فعل کا حکم جاری نہیں کیا جاتا۔

❷......قولہ: (فھو ضارب) اس میں فاء تعقیب کے لیے ہے، یا فاء فصیحہ ہے یعنی شرط محذوف کی جزاء کے لیے ہے، تقدیر یہ ہے: ''اذا کان الامر کذلک فھو ضارب''، یا زائد ہے؛ برائے تحسین یا تفریح لائی گئی ہے۔

❸......قولہ: (فذاک مضروب) اسم فاعل اور اسم مفعول میں فرق کرنے کے لیے اول کے

يَّضْرِبَ لَنْ يُّضْرَبَ.

الامر منه: اِضْرِبْ لِتُضْرَبْ، لِيَضْرِبْ لِيُضْرَبْ.

والنهي عنه: لا تَضْرِبْ لا تُضْرَبْ، لايَضْرِبْ لايُضْرَبْ.

والظرف منه: مَضْرِبٌ مَضْرِبَانِ مَضَارِبُ وَمُضَيْرِبٌ.

والالة منه: مِضْرَبٌ مِضْرَبَانِ مَضَارِبُ وَمُضَيْرِبٌ، مِضْرَبَةٌ مِضْرَبَتَانِ مَضَارِبُ وَ مُضَيْرِبَةٌ، مِضْرَابٌ مِضْرَابَانِ مَضَارِيْبُ، وَمُضَيْرِيْبٌ وَمُضَيْرِيْبَةٌ.

افعل التفضيل للمذكر منه: أَضْرَبُ أَضْرَبَانِ أَضْرَبُوْنَ أَضَارِبُ وَأُضَيْرِبٌ.

والمؤنث منه: ضُرْبٰى ضُرْبَيَانِ ضُرْبَيَاتٌ ضُرَبٌ وَضُرَيْبٰى.

والتعجب منه: مَاأَضْرَبَهٗ وَأَضْرِبْ بِهٖ وَضَرُبَ، يا ضَرُبَتْ.

اے عزیز جان لے کہ "فعل" حدث ہے[1] اور اس کے لیے مُحدِث چاہیے جسے "فاعل" کہتے ہیں، اور فاعل یا تو واحد ہوتا ہے[2] یا تثنیہ یا جمع۔ اور ان تینوں میں

ساتھ لفظ "ھو" اور ثانی کے ساتھ لفظ "ذاک" لایا جاتا ہے۔

❶......قولہ: (فعل حدث ہے) فعل بمعنی "کام"، اور حدث بمعنی "نیا کام" اور فاعل یا محدث بکسر دال کام کرنے والا۔

❷......قولہ: (اور فاعل یا تو واحد ہوتا ہے ... الخ) اگر فاعل واحد ہو تو صیغۂ فعل کو واحد، تثنیہ ہو تو تثنیہ اور جمع ہو تو جمع کہتے ہیں، اگر فاعل مذکر ہو تو صیغۂ فعل کو مذکر، مؤنث ہو تو مؤنث کہتے ہیں، اگر فاعل غائب ہو تو صیغۂ فعل کو غائب، حاضر ہو تو حاضر، اور متکلم ہو تو متکلم کہتے ہیں، بشرطیکہ فاعل اسم ضمیر ہو۔ مگر خیال رہے کہ فعل کو تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث، اور غائب، حاضر اور متکلم کہنا محض مجازاً ہے؛ کیونکہ یہ چیزیں (تثنیہ جمع وغیرہ ہونا) اسم کے خواص میں سے ہیں۔

سے ہر ایک یا تو مذکر ہوتا ہے یا مؤنث، اور متکلم ہوتا ہے، مخاطب ہوتا ہے یا غائب۔

یاد رکھ! ''واحد'' ایک کو، ''تثنیہ'' دو کو، اور ''جمع'' دو سے زیادہ کو کہتے ہیں۔ اور ''متکلم'' بات کرنیوالے کو، ''مخاطب'' جس سے بات کی جائے اس کو، اور ''غائب'' جس کے بارے میں بات کی جائے اس کو کہتے ہیں۔ ''مذکر'' مرد کو اور ''مؤنث'' عورت کو کہتے ہیں۔

ماضی کی دو قسمیں ہیں: (۱) ماضی معلوم[1] اور (۲) ماضی مجہول۔ ماضی معلوم کے چودہ صیغے ہیں[2]: چھ غائب کے، چھ مخاطب کے اور دو نفس متکلم کے، غائب کے چھ صیغوں میں سے تین مذکر کے ہوتے ہیں اور تین مؤنث کے، اور مخاطب کے چھ صیغوں میں سے بھی تین مذکر کے ہوتے ہیں اور تین مؤنث کے، اور جو دو صیغے متکلم کے ہیں ان میں ایک واحد متکلم کا ہوتا ہے خواہ متکلم مرد ہو یا عورت، اور دوسرا متکلم مع الغیر کا ہوتا ہے خواہ متکلم تثنیہ ہو یا جمع، مرد ہو یا عورت۔

---

❶......قولہ: (ماضی معلوم) لفظ ''ماضی'' واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے از باب ضرب، اس کا لغوی معنی ہے ''گذرنے والا''۔ اصطلاح میں ماضی وہ فعل جو زمانۂ گذشتہ میں کسی کام کے پائے جانے پر دلالت کرے۔ جیسے: ضَرَبَ ۔ اور معلوم سے مراد وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم ہو، اسے ''معروف'' بھی کہتے ہیں۔ ثلاثی مجرد سے اس کو بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ مصدر سے زوائد کو حذف کرکے (اگر ہوں) فاء اور لام کلمہ کو فتحہ دیتے ہیں اور عین کلمہ پر (باب کے اعتبار سے) کبھی فتحہ، کبھی کسرہ اور کبھی ضمہ دیتے ہیں۔ جیسے: ضَرْبٌ سے ضَرَبَ، سَمْعٌ سے سَمِعَ، کَرَامَةٌ سے کَرُمَ .

❷......قولہ: (چودہ صیغے ہیں) صیغے صیغہ کی جمع ہے، یہ اصل میں ''صِوْغَةٌ'' تھا؛ واو ساکن ماقبل مکسور کو یاء سے بدلا تو ''صِیْغَةٌ'' ہو گیا۔ اس کا لغوی معنی ہے ''پیدائش'' اور ''ڈھالنا'' اسی لیے سنار کو ''صائغ'' کہا جاتا ہے یعنی سونے کو ڈھالنے والا۔ نیز صیغہ بمعنی ''اصل'' بھی آتا ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے: ''ھو من صیغة کریمة'' یعنی وہ بزرگ اصل سے ہے۔ اور اصطلاح میں صیغہ

صرف کبیر فعل ماضی معلوم

صیغہ	ترجمہ	گردان
صیغہ واحد مذکر غائب	مارا اس ایک مرد نے	ضَرَبَ (۱)
صیغہ تثنیہ مذکر غائب	مارا ان دو مردوں نے	ضَرَبَا
صیغہ جمع مذکر غائب	مارا ان سب مردوں نے	ضَرَبُوْا
صیغہ واحد مؤنث غائب	مارا اس ایک عورت نے	ضَرَبَتْ
صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	مارا ان دو عورتوں نے	ضَرَبَتَا
صیغہ جمع مؤنث غائب	مارا ان سب عورتوں نے	ضَرَبْنَ
صیغہ واحد مذکر حاضر	مارا تجھ ایک مرد نے	ضَرَبْتَ
صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	مارا تم دو مردوں نے	ضَرَبْتُمَا
صیغہ جمع مذکر حاضر	مارا تم سب مردوں نے	ضَرَبْتُمْ
صیغہ واحد مؤنث حاضر	مارا تجھ ایک عورت نے	ضَرَبْتِ
صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	مارا تم دو عورتوں نے	ضَرَبْتُمَا
صیغہ جمع مؤنث حاضر	مارا تم سب عورتوں نے	ضَرَبْتُنَّ
صیغہ واحد متکلم (مذکر ومؤنث)	مارا میں نے (مرد یا عورت)	ضَرَبْتُ
صیغہ جمع متکلم (مذکر ومؤنث)	مارا ہم سب نے (مرد یا عورت)	ضَرَبْنَا

سے مراد وہ ہیئت ہے جو حروف کو بمع حرکات وسکنات ترتیب دینے سے حاصل ہوتی ہے۔

❶......قولہ: (ضَرَبَ...الخ) اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ہے۔ ضَرَبَا اس میں الف علامت تثنیہ اور ضمیر فاعل ہے۔ ضَرَبُوْا میں واو علامت جمع اور ضمیر فاعل ہے۔ ضَرَبَتْ میں تاء علامت تانیث ہے مگر فاعل نہیں، ورنہ ضَرَبَتْ ھِنْدٌ میں اجتماع فاعلین لازم آئے گا۔ ضَرَبَتَا میں تاء علامت تثنیہ اور الف ضمیر فاعل ہے۔ ضَرَبْنَ میں نون علامت جمع مؤنث اور ضمیر فاعل ہے۔ ضَرَبْتَ میں تاء علامت واحد مذکر مخاطب اور ضمیر فاعل ہے۔ ضَرَبْتُمَا میں ''تُمَا'' علامت تثنیہ اور ضمیر فاعل ہے۔ ضَرَبْتُمْ میں ''تُمْ'' علامت جمع مذکر اور ضمیر فاعل ہے۔ ضَرَبْتِ میں ''تِ'' علامت واحد مؤنث مخاطب اور ضمیر فاعل

نوٹ: ماضی معلوم کی طرح ماضی مجہول کے بھی چودہ صیغے ہوتے ہیں۔

صرف کبیر فعل ماضی مجہول (١)

گردان	ترجمہ	صیغہ
